فوڈ اسٹامپ پروگرام میں تبدیلیاں مزید قانونی تارکین وطن کو مراعات کا اہل بناتی ہیں.

میں ریاستہائے متحدہ کا شہری نہیں ہوں. کیا میں فوڈ اسٹامپس حاصل کر سکتا ہوں؟

- آپ اس وقت اس کے اہل ہو سکتے ہیں اگر آپ کے شوہر / بیوی ، آپ کے والدین ریاستہائے متحدہ میں کام کرنے کا ریکارڈ رکھتے ہوں (فوڈ اسٹامپس آفس یہ تعین کرنے میں مدد کر سکے گا کہ کیا آپ نے مطلوبہ مدت تک کام کیا ہے یا نہیں). پناہ گزیں کی حیثیت سے ریاستہائےمتحدہ میں آنے والے اور بعض اقسام کےتارکین وطن اس کے اہل ہیں. آپ اس صورت میں بھی اس کے مستحق ہو سکتے ہیں اگر آپ ۲۲ اگست ۱۹۹۶ کی تاریخ میں قانونی طور پر ریاستہائے متحدہ میں رہتے تھے *اور* (۱) اس وقت آپ کی عمر ۶۵ سال تھی (۲۲ اگست ۱۹۳۱ کو یا اس سے پہلے پیدا ہوئے ہوں) *یا* (۲) اس وقت آپ کو معذوری کی ادائیگیاں ہو رہی ہیں *یا* (۳) اس وقت آپ کی عمر ۱۸ سال سے کم ہے. اگر آپ ریاستہائے متحدہ میں پانچ سال تک مستند حیثیت سے رہ چکے ہوں تب بھی آپ اہل ہو سکتے ہیں.

کس طرح کی تبدیلیاں کی گئی تھیں؟

- ۱۳ مئی ۲۰۰۲ کو صدر بش نے "فارم سکیورٹی اینڈ رورل انوسٹمنٹ ایکٹ ۲۰۰۲" (Farm Security and Rural Investment Act of 2002) نام کے ایک قانون پر دستخط کیے جو مزید کم آمدنی والے غیر شہریوں اور قانونی تارکین وطن کو فوڈ اسٹامپس حاصل کرنے میں مدد دےگا بشرط کہ وہ فوڈ اسٹامپ پروگرام کے آمدنی اور وسائل کی شرایط پر پورے اترتے ہوں.

نئے قانون کا نفاذ کب سے ہوگا؟

- ۲۰۰۲ کے قانون کے تحت آنے والے بعض قانونی تارکین وطن جلد از جلد ۱ اکتوبر، ۲۰۰۲ سے فوڈ اسٹامپ حاصل کرنے کے اہل ہو جائیں گے لیکن زیادہ تر افراداس کے بعد ہی اہل ہونگے . نیچے دی گئی معلومات اس بارے میں مزید وضاحت کرتی ہے کہ استحقاق کی ابتدا کب سے ہوتی ہے.

۲۰۰۲ کا قانون پروگرام کی شرائط پر پورے اترنے والے قانونی تارکین وطن کو مستحق سمجھتا ہے اور ان لوگوں کو :

✓ جو لوگ معذوری کی مراعات پا رہے ہیں (مثلاً ایس ایس آئی یا معذوری سے متعلق میڈی کیڈ) (اس زمرے کے استحقاق کی ابتدا ایک اکتوبر، ۲۰۰۲ سے ہو چکی ہے)

✓ ریاستہائے متحدہ میں مستند حیثیت میں ۵ سال تک رہ چکے ہوں (اس زمرے کے استحقاق کی ابتدا ۱ اپریل، ۲۰۰۳ سے ہو چکی ہے) یا

✓ ۱۸ سال سے کم عمر کے ہیں اور ۲۲ اگست، ۱۹۹۶ کے بعد ریاستہائے متحدہ میں داخل ہوئے ہیں (اس زمرے کے استحقاق کی ابتدا ۱ اکتوبر، ۲۰۰۳ سے ہوتی ہے).

کون سے تارکین وطن مستند حیثیت والے ہیں؟

- مستند تارکین وطن میں جائز مستقل طور پر مقیم افراد، (گرین کارڈ رکھنے والے)، مہاجرین، پناہ گزین، ملک بدری یا موقوفی کے حکم پر امتناعی حکم رکھنے والے افراد، کیوبا / هیتی سے آنے والے افراد ، گزشتہ ایک سال سے ریاستہائے متحدہ میں آئی این ایس (Immigration and Naturalization Service –INS) پیرول حاصل کرنے والے افراد، مشروط طور پر داخل ہونے والے افراد اور خانگی تشدد کے شکار ہونے والے افراد شامل ہیں.

کیا قانون نے پہلے سے مستحر تارکینِ وطن کے لیے ضوابط بدل دئے ہیں؟

- نہیں. ہر وہ شخص جو پہلے اہلیت رکھتا تھا وہ اب بھی اہل رہے گا.

کیا قانون ان شہریوں کے استحقاق میں توسیع کرتا ہے جو انسانی وجوہ سے ملک میں ہیں؟

- جی ہاں . ۲۰۰۲ کے قانون کے نتیجے میں مہاجرین، پناہ گزینوں، امریکی ایشیائی، یاکیوبا اور ہیتی سے امریکہ آنے والے افراد کے لیے فوڈ اسٹامپس سات سال کی حد کا اطلاق نہیں ہوگا. ۱ اپریل، ۲۰۰۳ سے یہ غیر شہری آمدنی اور وسائل پر مبنی پروگرام کی شرائط پر پورے اترتے رہیں گے تب تک وہ مستحق ہیں .

کیا فوڈ اسٹامپ اس کا فیصلہ کرےگا کہ مجھے کوئی معذوری ہے یا نہیں؟

- نہیں. آپ کو اس وجہ سے کسی پروگرام مثلاً میڈی کیڈ سے مراعات یا امداد ملتے رہنا چاہیئے کہ آپ نابینا یا معذور ہیں.

کیا میں مستحق تارکِ وطن نہ ہونے کے باوجود اپنے شہری بچوں کے مراعات حاصل کر سکتا ہوں؟

- ہاں. اپنے بچوں یا اپنے خاندان کے دیگر مستحق افراد کے لیے درخواست دیتے وقت آپ کو اپنے بارے میں دستاویزات پیش نہیں کرنے ہونگے. البتہ آپ کو اب بھی اپنی آمدنی اور وسائل کا ثبوت دینا ہوگا تاکہ کارکن ان کے لیے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کی مقدار کا تعین کر سکے.

اگر میں شہری بننا چاہتاہوں تو کیا فوڈ اسٹامپس حاصل کرنے سے مجھے نقصان ہوگا؟

- فوڈ اسٹامپس حاصل کرنے سے کوئی تارک وطن پبلک چارج نہیں بن جائےگا. یعنی یہ کہ ریاستہائے متحدہ میں رہنے والے تارک وطن کو اس بناء پر ملک بدر نہیں کیا جائےگا، کسی ملک میں داخل ہونے سے روکا نہیں جائےگا یا مستقل حیثیت یا گرین کارڈ سے محروم نہیں کیا جائےگا کہ وہ فوڈ اسٹامپس حاصل کرتا / کرتی ہے.

میں کیسے درخواست دے سکتا یا مزید جان سکتا ہوں؟

- فوڈ اسٹامپس حاصل کرنے کے لیے آپ کو اپنے مقامی فوڈ اسٹامپ دفتر ایک درخواست داخل کرنی ہے جو عموماً مقامی بہبودی دفتر کے ساتھ واقع ہوتا ہے.
- مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے فون بک میں "سوشل سروس ڈپارٹمنٹ" یا "ویلفیر ڈپارٹمنٹ" کے تحت نیلے صفحات میں فوڈ اسٹامپس آفس دیکھیں یا قومی مفت نمبر **1-800-221-5689** پر فون کریں.
- هسپانوی زبان بولنے والے آپریٹر قومی مفت نمبر پر دستیاب ہیں.

فوڈ اسٹامپس امریکہ کو مضبوط تر بناتے ہیں

یو ایس ڈی اے (United States Department of Agriculture - USDA) یکساں مواقع کا ایک فراہم کار اور آجر ہے.